آزاد جموں وکشمیر
محتسب سیکرٹریٹ
مظفرآباد

# "ماحصل تحقیقات"

شکایات نمبر :۔ 276,377,391/2018 تاریخ رجوعہ۔ 24-09-2018,01-10-2018 تاریخ فیصلہ۔ 14-03-2019

شکایت کنندگان:۔
1۔ محمد جمیل ولد میر اکبر خان ڈاکخانہ راولاکوٹ پوٹھی مکوالان، تحصیل راولاکوٹ ضلع پونچھ آزادکشمیر۔
2۔ محمد رحیم ولد سردار محمد افضل خان، ہلاں ڈاکخانہ وتحصیل راولاکوٹ، ضلع پونچھ آزادکشمیر۔
3۔ عبدالمجید ولد غلام محمد مکان نمبر 18-بی ریلوے آفیسر کالونی والٹن، لاہور کینٹ ضلع لاہور پاکستان۔

ایجنسی ہاء :۔
-1 آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی، مظفرآباد۔
-2 پونچھ یونیورسٹی راولاکوٹ، آزادکشمیر۔

تحقیقاتی آفیسر کا نام وعہدہ:۔ راجہ رضوان علی ڈائریکٹر (III)

عنوان:۔ ادائیگی پنشن / کمیوٹیشن

-1 شاکیان ایجنسی اول کے زیر اہتمام فیکلٹی آف ایگریکلچر راولاکوٹ میں بالترتیب سال 1981,1985,1988 میں بطور لیکچرار ابتدائی طور تقرر ہوئے اور ازاں بعد درجہ بدرجہ ترقیاب ہونے کے بعد پروفیسر کے عہدہ سے بالترتیب سال 2018 و سال 2017 میں عمر پیرانہ سالی کی تکمیل پر ملازمت سے ریٹائر ہوئے جبکہ اس دوران سال 2012 میں ایجنسی کی فیکلٹی آف ایگریکلچر راولاکوٹ نے الگ سے "یونیورسٹی آف پونچھ" کا درجہ حاصل کیا اس طرح شاکیان کی ایجنسی اول کے زیر اہتمام فیکلٹی آف ایگریکلچر راولاکوٹ میں سال 2012 تک کی گئی سروس / ملازمت کے حوالہ سے پنشن کنٹری بیوشن ایجنسی کی جانب سے ادا ہونی واجب تھی لیکن ایجنسی اول نے لیت ولعل سے کام لیتے ہوئے اپنے حصہ کا پنشن شیئر بھی ایجنسی دوئم (یونیورسٹی آف پونچھ) کو ادا کرنے کی تحریک کی لیکن ایجنسی دوئم نے یہ ذمہ داری لینے سے معذوری ظاہر کی جس کے باعث شاکیان کو تاحال پنشن کنٹری بیوشن کی ادائیگی نہ ہو سکی - یہ امر قابل ذکر ہے کہ ایجنسی اول نے قبل ازیں متعدد پروفیسرز کی پنشن کنٹری بیوشن کے لیئے اپنے حصہ کی ادائیگی عمل میں لائی لیکن شاکیان کے معاملہ میں فنڈز کی عدم فراہمی کا جواز بنایا گیا - شاکیان نے ایجنسی اول کے زیر اہتمام فیکلٹی آف ایگریکلچر راولاکوٹ میں سال 2012 تک کی گئی سروس کا پنشن شیئر دلوائے جانے کی استدعا کی ہے تاکہ انہیں مکمل سروس کی پنشن کنٹری بیوشن کی ادائیگی ممکن ہو سکے -

Director
Mohtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

-2 شکایت پر ایجنسی اول (رجسٹرار آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی) نے اپنی رپورٹ میں یہ واضح کیا کہ مورخہ 01-07-2012 کو یونیوسٹی آف پونچھ کا قیام عمل میں آیا اور یونیورسٹی کے قیام سے متعلقہ ایکٹ (VIII of 2014) کی دفعہ 3 ذیلی دفعہ 8 کے تحت فیکلٹی آف ایگریکلچر جو ایجنسی اول کا حصہ تھا 01-07-2012 سے نئی یونیورسٹی آف پونچھ کے قیام کی بناء جملہ حقوق اور ذمہ داریاں/Liabelities ایجنسی اول کی بجائے ایجنسی دوئم کو منتقل ہو چکی ہیں اس طرح شاکیان کو پنشن کمیوٹیشن اور ماہوار پنشن کی ادائیگی تحت قانون ایجنسی دوئم کی ذمہ داری ہے - اس ضمن میں عدالت عظمیٰ کی جانب سے بروئے فیصلہ محررہ 22-12-2017 بعنوان محمد عارف خان بنام یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر وغیرہ میں متذکرہ بالا ایکٹ کی دفعہ 3 کی ذیلی دفعہ 8 کی تشریح ہو چکی ہے بنا بریں شکایات شاکیان خارج کرتے ہوئے ایجنسی دوئم یونیورسٹی آف پونچھ کو پنشن کی ادائیگی کے احکامات صادر فرمائے جائیں۔

(جاری برصفحہ -02)

3- شکایت پر ایجنسی دوئم (اسسٹنٹ رجسٹرار انتظامیہ یونیورسٹی آف پونچھ راولاکوٹ) نے اپنی رپورٹ ہاء میں واضح کیا کہ شاکیان ایجنسی سے سال 2018,2017 میں ریٹائر ہوئے جن کے پنشن شیئر کے لیئے ایجنسی اول (آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی) سے تحریک کی گئی لیکن سرتوڑ کوشش کے باوجود ایجنسی اول کی جانب سے شاکیان کا پنشن شیئر موصول نہیں ہوا - شاکیان کے استحقاق اور مجبوری کے پیش نظر ایجنسی اول کے پنشن شیئر موصول نہ ہونے کے باوجود ایجنسی شاکیان کو ماہانہ پنشن کی ادائیگی کر رہی ہے تاہم خدشہ ہے کہ مالی مشکلات کے باعث ایجنسی شاید یہ سلسلہ جاری نہ رکھ سکے - اس معاملہ کو یکسو کرنے کے لیئے جناب صدر/ چانسلر آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹیز نے چیئر مین ہائیر ایجوکیشن کمیشن پاکستان ڈاکٹر مختار احمد کی سربراہی میں جملہ یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز پر مشتمل کمیٹی قائم کی جس نے اپنے اجلاس محررہ 13-04-2018 اتفاق رائے سے یہ فیصلہ کیا کہ ایجنسی اول دیگر یونیورسٹیز کے ملازمین کے حق میں پنشن و کمیوٹیشن شیئر کی حسب سابق فوری اجرائیگی عمل میں لائے لیکن اس فیصلہ کے باوجود ایجنسی اول نے اپنے حصہ کا شیئر/رقم دیگر یونیورسٹیز کو منتقل نہ کی - ازاں بعد جناب صدر/ چانسلر یونیورسٹیز آف آزاد جموں وکشمیر کی زیر صدارت وائس چانسلرز کے اجلاس محررہ 16-07-2018 میں فیصلہ ہوا کہ ایجنسی اول فوری طور دیگر یونیورسٹیز کے ملازمین کے پنشن شیئر کی ادائیگی عمل میں لائے لیکن شومئی قسمت متذکرہ بالا فیصلوں اور مکرر در مکرر یقین دہانیوں کے باوجود ایجنسی اول نے اپنی مالی و اخلاقی ذمہ داریوں سے پہلو تہی جاری رکھی اور مختلف حیلوں بہانوں سے معاملات زیر التواء رکھے جس کے باعث یونیورسٹیز کے مابین تعلقات سرد مہری کا شکار ہوئے بلکہ جناب صدر/ چانسلر یونیورسٹیز آف آزاد جموں وکشمیر کے احکام کی خلاف ورزی کے باعث ملک وقوم کے محسن ریٹائرڈ پروفیسرز کو شدید ذہنی و مالی تکلیف سے دوچار ہونا پڑا - ایجنسی اول ماضی میں نہ صرف یہ کہ ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن و کمیوٹیشن کی ادائیگی کرتی رہی بلکہ تمام پنشن کیسز میں دونوں یونیورسٹیز کے حصہ جات کے تعین و تصدیق میں بھی شامل رہی تاہم ازاں بعد ایجنسی اول نے مختلف بہانون کے ذریعہ اپنے حصہ کی ادائیگی روک دی - ایجنسی اول یونیورسٹی آف پونچھ راولاکوٹ ایکٹ 2014 کی دفعہ 3 ذیلی دفعہ 8 کی غلط تشریح وتعبیر کرتے ہوئے اسے شاکیان کے معاملہ میں عذر کے طور پر پیش کیا ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ایجنسی اول سال 2012 سے قبل اپنے پنشن شیئر کی ادائیگیاں کرتی رہی ہے - لیکن اب دفعات متذکرہ بالا کی غلط تشریح کا سہارا لیا گیا- ایجنسی اول کا اپنا کنڈکٹ ہی اس کے خلا ف Estoppel کا قانون لاگو کرتا ہے بناء بریں ایجنسی اول کو پابند کیا جائے کہ وہ اپنے حصہ کے بقایا جات/ واجبات فوری فراہم کرے تاکہ شاکیان کو مزید اذیت سے بچایا جا سکے -

Director
Mohtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

4- رپورٹ ہاء ایجنسیز پر شاکیان نے اپنے جوابات میں واضح کیا کہ ایجنسی اول وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اپنے مئوقف میں تبدیلی لا رہی ہے ایجنسی دوئم کے قیام کے بعد متعدد پروفیسرز کو ایجنسی اول کی جانب سے پنشن کمیوٹیشن شیئرز کی ادائیگی کی گی اور یہ سلسلہ 2012 سے 2016 تک چلتا رہا اور ازاں بعد روک دیا گیا - ایجنسی اول نے اپنے پنشن شیئرز کی منظوری کے بعد ایجنسی دوئم کو مراسلہ جاری کیا کہ ایجنسی دوئم یہ ادائیگی کرے کیونکہ فنڈز کی کمی کے باعث ایجنسی اول کے لیئے فی الحال پنشن کمیوٹیشن کی ادائیگی ممکن نہ ہے لیکن ازاں بعد ایجنسی اپنے مئوقف سے ہٹ گئی جبکہ ایجنسی دوئم کی بھی یہ ذمہ داری تھی کہ وہ اپنے ملازمین کے پنشن شیئر بروقت ایجنسی اول سے حاصل کرتی - شاکیان نے ریٹائرمنٹ سے قبل 2016 میں ایجنسی دوئم سے تحریری استدعا کی کہ شاکیان کے پنشن و کمیوٹیشن شیئر بروقت ایجنسی اول سے حاصل کرے تاکہ ریٹائرمنٹ کے فوری بعد شاکیان کو جملہ واجبات کی ادائیگی ہو سکے لیکن کوئی شنوائی نہ ہو سکی - شاکیان نے ازالہ ناانصافی کے لیئے استدعا کی ہے -

5- مندرجات شکایت ، رپورٹ ایجنسی ہاء ، جوابات شاکیان اور دستیاب ریکارڈ کا بغور جائزہ لیا گیا ایجنسی اول کا یہ مئوقف سراسر غلط ، بے بنیاد اور قانون کے مغائر ہے کہ یونیورسٹی آف پونچھ راولاکوٹ ایکٹ 2014

(جاری برصفحہ -03)

کی دفعہ 3 ذیلی دفعہ 8 کے تحت جملہ واجبات کی ادائیگی ایجنسی دوئم کی ذمہ داری ہے - متذکرہ دفعہ 3(8) کا اقتباس بذیل ہے ،

8. All properties, rights and interests of whatever kind , used, enjoyed, possessed, owned or vested in or held in trust by and for the Rawlakot campus of the Universty of Azad Jammu & Kashmir (UAJ&K) and all liabilities legally subsistent agianst the campus shall stand transfered to the University.

متذکرہ بالا قانون کے جائزہ سے واضح ہے کہ ایجنسی اول سے متعلقہ دیگر امور کے علاوہ جملہ قانونی موشگافیوں کی ذمہ داریاں بھی ایجنسی دوئم کو منتقل ہوئیں تاہم ان امور میں تنخواہ ، پنشن یا دیگر مالی مراعات کا کوئی ذکر نہیں ہے - اس حوالہ سے ایجنسی نے فیصلہ عدالت عظمیٰ محررہ 22-12-2017 بعنوان محمد عارف بنام آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی وغیرہ کا جو حوالہ دیا ہے وہ بھی موجودہ معاملہ پر ناقابل اطلاق ہے - فیصلہ عدالت عظمیٰ میں میرپور یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میرپور ایکٹ 2014 کی دفعہ 7 کی تشریح کی گئی ہے جس کا موجودہ شکایات سے کوئی تعلق نہیں بنتا - ایجنسی اول کا مئوقف اس لحاظ سے بھی غلط اور بے بنیاد ہے کہ ایجنسی نے اپنا یہ مئوقف چیئر مین HEC پاکستان کی سربراہی میں آزاد کشمیر کی جملہ یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز کے اجلاس منعقدہ 13-04-2018 اور ازاں بعد جناب صدر/چانسلر یونیورسٹیز آف آزادکشمیر کی زیرصدارت چانسلرز اجلاس منعقدہ 16-07-2018 میں پیش نہیں کیا جبکہ ایجنسی دوئم بھی ایجنسی اول کے اس مئوقف کو اپنی رپورٹ ہاء میں بے بنیاد اور غلط قرار دے چکی ہے - یہ امر قابل ذکر ہے کہ ایجنسی اول نے شاکی ریٹائرڈ پروفیسر ڈاکٹر محمد جمیل کے حق میں پنشن و کمیوٹیشن کی نسبت فارم متعلقہ پر مبلغ 4759746/= روپے اپنے حصہ کے شیئر کے تعین کے بعد ایجنسی دوئم کو بذیل مراسلہ جاری کیا ،

آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی
نظامت مالیات ومنصوبہ بندی (شعبہ آڈٹ)

نمبر پنشن سیل/آڈٹ/85-178/2018 مورخہ 20-02-2018

بخدمت :

جناب ٹریژر
یونیورسٹی آف پونچھ راولاکوٹ آزادکشمیر-

Director
Mohtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

عنوان :- ادائیگی پنشن و کمیوٹیشن ویلیو بحق جریدہ/غیر جریدہ ملازمین

السلام علیکم ،

معاملہ عنوان الصدر میں تحریر ہے کہ جامعہ ہذا میں اس سال ملازمین کی کثیر تعداد ریٹائرڈ ہونے کی وجہ سے پنشن فنڈ میں رقم کی کمی کا سامنا ہے جس کی وجہ سے بذیل تفصیل کے مطابق ریٹائر ملازمین کو حصہ آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی مظفرآباد کی پنشن واجبات کی فوری ادائیگی ممکن نہ ہے - اس لیئے ان ملازمین کو اپنے بجٹ/پنشن فنڈ سے پنشن واجبات کی ادائیگی کی کارروائی عمل میں لائی جائے - جامعہ ہذا پنشن فنڈ میں رقم مہیا ہونے پر حصہ آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی مظفرآباد کی پنشن منتقل کر دی جائے گی (منسلکہ تعین پنشن فارمز)-

-1 جناب ڈاکٹر محمد جمیل احمد (ر) پروفیسر-

(جاری برصفحہ 04-)

والسلام
دستخط/-
آڈٹ آفیسر

اس طرح ایجنسی اول نے شاکی ریٹائرڈ پروفیسر ڈاکٹر محمد رحیم خان کے حق میں مبلغ =/4092970 روپے اور شاکی ریٹائرڈ پروفیسر عبدالمجید کے حق میں مبلغ =/3828376 روپے پنشن شیئر تعین کرتے ہوئے اسی نوعیت کے مراسلہ جات نمبر پنشن سیل/آڈٹ//2018/320-27 مورخہ 30-05-2018 و مراسلہ پنشن سیل/آڈٹ/2018/8789-96 آڈٹ ایجنسی دوئم کو جاری کیئے جس سے یہ امر واضح ہے کہ ایجنسی اول نے پنشن فنڈ میں رقم مہیا ہونے پر اپنا پنشن شیئر ایجنسی دوئم کو منتقل کرنے کی واضح یقین دہانی کروائی - ریٹائرڈ ملازمین کے معاملات پنشن و کمیوٹیشن یکسو نہ ہونے پر اولاً وائس چانسلر صاحبان پر مشتمل کمیٹی جناب صدر ریاست/چانسلر یونیورسٹیز آف آزاد جموں وکشمیر نے قائم کرتے ہوئے اس کی سربراہی چیئرمین ہائیر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر مختار احمد کو سونپی گئی جبکہ کمیٹی میں صدر ریاست کی نمائندگی سیکرٹری صدارتی امور نے کی - کمیٹی کے اجلاس منعقدہ 13 اپریل 2018 میں یہ فیصلہ ہوا کہ آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی باقی یونیورسٹیز کے حق میں پنشن و کمیوٹیشن شیئر کی ادائیگی کو یقینی بنائے گی - اجلاس محررہ 13-04-2018 کے فیصلہ کا اقتباس بذیل ہے،

<u>Decisions</u>

1- Unviersity of Azad Jammu & Kashmir will start paying pension share to other public sector Universities of Azad Jammu & Kshmir from April, 2018 as it was previously paying as a pension share to other Universities.

2- ------------

3- ------------

Signed/-
13-04-2018
(Muhammad Zafar Khan)
Secretary Presidential Affairs/
Secretary Committee

Director
Muhtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

بالا فیصلہ پر عملدرآمد نہ ہونے کے باعث ازاں بعد جناب صدر/چانسلر یونیورسٹیز کی زیر صدارت دوبارہ اجلاس محررہ 16-07-2018 کو منعقد ہوا جس میں بذیل فیصلہ صادر ہوا،

<u>Decision</u>

It was decided that University of Azad Jamm & Kashmir and would immediately start paying pension to its former employee who retired from its former cumpuses or will be retiring in future. The already constituted Committee of HEC would pay a visit to University of Azad Jammu & Kashmir and would give recommendations regarding other issues.

Signed/-
(Shazia Ashraf)
Additional Secretary Presidential Affairs

ہر دو اجلاس ہاء میں کیئے گئے فیصلہ جات میں بھی یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر نے یہ تسلیم کیا ہوا ہے کہ ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن و کمیوٹیشن کے معاملات جو یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر کے حصہ میں بنتے ہیں وہ ان کی ذمہ دار اور واجبات کی ادائیگی کی پابند ہے تاہم فنڈز کی کمی کے باعث معاملات ہنوز یکسو نہ ہو سکے -

یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ دوران ملازمت اپنے آخری ادارہ کے علاوہ کسی دیگر ادارہ میں کی گئی ملازمت کی مدت کے لحاظ سے پنشن کمیوٹیشن شیئر متعلقہ ادارہ نے سرکاری ملازم کے آخری ادارہ کو فراہم کرنا ہوتا ہے

(جاری برصفحہ -05)

جس کی وصولی کے بعد متعلقہ آخری ادارہ اپنے ریٹائرڈ ملازم کو پنشن کمیوٹیشن کی ادائیگی عمل میں لاتا ہے لیکن ایجنسی اول کے ذمہ داران قوانین/قواعد سے نابلد معلوم ہوتے ہیں - وائس چانسلر، رجسٹرار کی آسامیاں انتظامی نوعیت کی حامل ہیں جن پر انتظامی تجربہ کے حامل افراد کی تعیناتی ہی Good Governance کے تقاضے پورا کر سکتی ہے جبکہ ایجنسی اول میں ان آسامیوں پر اکیڈمک صلاحیتوں کے حامل افراد تعینات ہیں ، جو انتظامی صلاحیتوں سے عاری ہیں اور انتظامی معاملات سے نابلد ہیں جس کی بناء معاملات مروجہ طریقہ کار سے نمٹائے جانے ممکن نہیں ہیں -ایجنسی دوئم کا اظہار ہے کہ ایجنسی اول قبل ازیں اپنے حصہ کی پنشن و کمیوٹیشن ایجنسی دوئم سے ریٹائر ہونے والے ملازمین کو ادا کرتی رہی ہے جبکہ شاکیان نے بھی اس امر کی تصدیق کی ہوئی ہے کہ سال 2016 تک ریٹائرڈ ہونے والے پروفیسرز ڈاکٹر محمد حسین ، ڈاکٹر اختر قریشی ، پروفیسر تصدق حسین خان اور پروفیسر ڈاکٹر سردار علی خان کے علاوہ دیگر غیر جریدہ ملازمین کو بھی ایجنسی اول نے اپنے حصہ کی پنشن کمیوٹیشن کی ادائیگی عمل میں لائی - ایجنسی دوئم نے شاکیان کے علاوہ دیگر ملازمین کے پنشن شیئر کے حوالہ سے ایجنسی اول کو مراسلہ محررہ 21-05-2018 تحریر کیا جس کا اقتباس بذیل ہے ،

Director
Secretariat

UNIVERSITY OF THE POONCH RAWLAKOT

UPR/144/1779/2018 Dated:- 21-05-2018

Prof. Dr. Ghulam Murtaza
The Registrar
University of Azad Jammu & Kashmir,
Muzaffarabad.

TRANSFER OF SHARE OF PENSION FROM THE UNIVERSITY OF AZAD JAMMU & KASHMIR TO OTHER PUBLIC SECTOR UNIVERSITIES OF AZAD JAMMU & KASHMIR.

Dear Dr. Murtaza, السلام علیکم

I am wrinting here to draw your kind attention towrads the issue cited in the subject above. It was decided in the second meeting of the committee. (constituted vide Notification No. PS/94856/2018 dated 23-02-2018) held on 13-04-2018, under the chairmanship of Prof. Dr. Mukhtar Ahmed (Ex-Chairman Higher Education Commission of Pakistan), that the "University of Azad Jammu & Kashmir will start paying pension share to other Public Sector Universities of Azad Jammu & Kashmir from April, 2018 as it was previously paying as a pension share to other universities". We ard still waiting for the compliance of the said decision at your end.

At present, following cases of commulation value and monthly pension share are under process at the end of the University of Azad Jammu & Kashmir, Muzaffarabad.

1. Prof. Dr. Abdul Majeed, Retired, Faculty of Agriculture
2. Pro. Dr. Muhammad Jamil Ahmed, Retired, Faculty of Agriculture
3. Pro. Dr. Rahim Khan, Retired, Faculty of Agriculture
4. Pro. Dr. Muhammad Rafique Khan, Retired, Faculty of Agriculture
5. Hafiz Muhammad Fazil Khan, Farm Supervisor, Retired Faculty of Agriculture

The compliance of meeting's decision at the earliest may please be ensured; hope University of Azad Jammu & Kashmir will transfer the share of pension, in favor of the retired employees, mentioned above.

(جاری برصفحہ -06)

آزاد جموں وکشمیر
محتسب سیکرٹریٹ
مظفرآباد



Considering the hardships at the end of retired employees, your attention to accelerate the matter in question will be highly appreciated.

With profound regard
Signed/-
REGISTRAR

اس طرح یہ امر واضح ہے کہ ایجنسی اول نے ریٹائرڈ ملازمین کے پنشن وکمیوٹیشن شیئر کے حوالہ سے جناب صدر/ چانسلر یونیورسٹیز آف آزادکشمیر کی جانب سے چیئرمین HEC کی سربراہی میں جملہ یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز پر مشتمل کمیٹی کے منعقدہ اجلاس محررہ 13-04-2018 اور جناب صدر کی زیر صدارت اجلاس محررہ 16-07-2018 میں کیئے گئے فیصلہ جات نسبت ادائیگی پنشن وکمیوٹیشن بحق ریٹائرڈ شاکیان کی عدم تعمیل اور یونیورسٹی آف پونچھ ایکٹ 2014 کی دفعہ 3 کی ذیلی دفعہ 8 کی غلط تشریح وتعبیر کرنے کے علاوہ طویل ترین سروس کے حامل ریٹائرڈ پروفیسرز کو ذہنی و مالی اذیت سے دوچار کر کے غفلت ، لاپرواہی ، نااہلی اور Bad Governance کا مظاہرہ کرتے ہوئے واضح طور "بدانتظامی" کا ارتکاب کیا ہے۔

-5 لہذا محتسب ایکٹ 1992 کی دفعہ 11 کے تحت ،

(الف) ایجنسی اول کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ شاکیان کے واجب الادا پنشن شیئر ایجنسی دوئم کو ادائیگی کرتے ہوئے تعمیلی رپورٹ بہرصورت اندر تین ماہ ادارہ ہذا کو فراہم کرے۔

(ب) اس فیصلہ کی ایک نقل سیکرٹری صاحب صدارتی امور کو بغرض ملاحظہ جناب صدر / چانسلر یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر کو ارسال کی جائے تاکہ انتظامی نوعیت کی آسامیوں پر مستقبل میں انتظامی اہلیت کے تجربہ کے حامل افراد کی تعیناتیاں روبہ عمل ہو کر مفاد عامہ اور Good Governance کا تحفظ ممکن ہو سکے۔

دستخط/-
( ظفر حسین مرزا )
محتسب
آزاد جموں وکشمیر

Director
Mohtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

مظفرآباد
تحریر 14/مارچ 2019